22722 ـ دعاء اور قرآت قرآن کے لیے اجتماع کرنے کا حکم

سوال

ہماری مسجد میں دعاء اور اجتماع کے متعلق اختلاف پیدا ہو گیا وہ اس طرح کہ قرآن مجید کے سپارے لوگوں میں تقسیم کیے جاتے ہیں اور ہر شخص وہاں سپارہ پڑھتا ہے حتی کہ پورا قرآن ختم کیا جاتا ہے پھر وہ لوگ دعاء کسی معین مقصد اور غرض کی کامیابی کے لیے دعا کرتے ہیں مثلا امتحان وغیرہ میں تو کیا یہ طریقہ صحیح ہے اور شریعت سے ثابت ہے ؟
برائے مہربانی کتاب و سنت اور سلف کے اجماع سے دلائل کے ساتھ جواب عنائت فرمائیں.

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ سوال دو مسئلوں پر مشتمل ہے:

پہلا مسئلہ:

تلاوت قرآن کے لیے اجتماع کرنا وہ اس طرح کہ ہر شخص قرآن مجید کا ایك سپارہ پڑے حتی کہ سارا قرآن ختم ہو اور ہر ایك کے پاس جو سپارہ ہے وہ مکمل کر لے.

اس کا جواب مستقل فتاوی کمیٹی کے درج ذیل بیان میں ہے:

" اول:

تلاوت قرآن کے لیے جمع ہونا اور اس طرح قرآن مجید کی تلاوت کرنا کہ ایك شخص پڑھے اور دوسرے سنیں اور جو انہوں نے پڑھا ہے اسے ایك دوسرے کو سنائیں اور اس کے معانی پر سوچ و بچار کریں یہ مشروع اور اللہ کا قرب ہے جسے اللہ تعالی پسند فرماتا ہے.

اس کی دلیل مسلم شریف کی درج ذیل حدیث ہے:

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جو لوگ اللہ کے گھروں (مساجد)میں کسی گھر (مسجد) میں جمع ہو کر کتاب اللہ کی تلاوت کرتے اور اسے آپس میں پڑھتے پڑھاتے ہیں تو ان پر سکینت نازل ہوتی ہے، اور انہیں رحمت ڈھانپ لیتی ہے، اور فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں، اور اللہ تعالی ان کا ذکر ان میں کرتا ہے جو اس کے پاس ہیں "

اسے مسلم اور ابو داود نے روایت کیا ہے.

اور قرآن مجید ختم کرنے کے بعد دعا کرنا بھی مشروع ہے لیکن پر ہمیشگی نہیں کرنی چاہیے اور نہ ہی کسی معین صیغے اور کلمات کی پابندی کرنی چاہیے کہ یہ سنت محسوس ہو، کیونکہ ایسا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے تو ثابت نہیں لیکن بعض صحابہ نے اس پر عمل کیا ہے.

اور اسی طرح اس تلاوت میں حاضر افراد کو کھانے کی دعوت دینے میں بھی کوئی حرج نہیں جبکہ اسے قرآت کے بعد عادت نہ بنا لیا جائے.

دوم:

اس اجتماع میں حاضر افراد میں سے ہر ایك شخص کو ایك پارہ پڑھنے کے لیے دینا اسے قرآن ختم ہونا شمار نہیں کیا جائیگا.

اور ان کا تبرك کے مقصد سے قرآن مجید پڑھنا کمی و کوتاہی ہے، کیونکہ قرآت کا مقصد تو اللہ کا قرب اور حفظ قرآن اور اس کے معانی و احکام پر غور و فکر اور تدبر اور اس پر عمل ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ اجروثواب کا حصول اور زبان کو قرآن مجید کی تلاوت کرنے پر تیار کرنا اور سکھنا ہے.... اس کے علاوہ بھی کئی ایك فوائد ہیں.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے " اھـ

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (2 / 480).

دوسرا مسئلہ:

یہ اعتقاد رکھنا کہ اس فعل (تلاوت قرآن کے لیے سوال میں مذکورہ طریقہ پر جمع ہونے) میں دعا کی قبولیت میں کوئی اثر پایا جاتا ہے، اس اعتقاد کی کوئی دلیل نہیں ملتی، اور یہ غیر مشروع ہے جائز نہیں، اور دعا کی قبولیت کے بہت سارے اسباب ہیں جو معروف و معلوم ہیں، اور اسی طرح دعا کی عدم قبولیت یعنی دعا کی قبولیت میں مانع کے اسباب بھی معروف ہیں.

اس لیے دعاء کرنے والے کو چاہیے کہ وہ دعاء کی قبولیت کے اسباب پیدا کرے اور دعاء کی عدم قبولیت کے اسباب

سے اجتناب کرے، اور اپنے پروردگار کے ساتھ اچھا ظن و گمان رکھے اور بندے کا رب اس کے گمان کے مطابق ہے.

مزید آپ سوال نمبر (5113) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

تنبیہ:

دلیل تو اس سے طلب کی جاتی ہے جو کوئی شرعی امور میں سے شرعی امر ثابت کرتا ہے، وگرنہ عبادات میں اصل ممانعت پائی جاتی ہے حتی کہ اس کی مشروعیت کی دلیل مل جائے، اہل علم کا فیصلہ یہی ہے، اس بنا پر اس اعتقاد کے عدم مشروع ہونے کی دلیل یہ ہے کہ اس کے جائز ہونے کی کوئی دلیل نہیں پائی جاتی.

واللہ اعلم .